MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)
مدرسۃ القائمؑ

بہنوں اور بیٹیوں کے اچھے رشتے نہیں آتے

پہلا حل رسولِؐ خدا ارشاد فرماتے ہیں کہ:

’’جو شخص سورۂ احزاب کو ہرن کی کھال پر لکھ کر تنگ منہ والی بوتل میں رکھ کر گھر میں رکھے تو اللہ کے حکم سے اس کی بہنوں، بیٹیوں اور دوسرے رشتہ داروں کی خواستگاری کے لئے اچھے رشتے آئیں گے خواہ یہ انسان غریب ہی کیوں نہ ہو‘‘۔

دوسرا حل رسولِؐ خدا نے حضرت علیؑ کو خطاب کرتے ہوئے فرمایا:

’’اے علیؑ۔! سورۂ یٰسٓ کی تلاوت کیا کرو اِس میں 10 برکتیں ہیں۔۔۔۔ (اُس میں سے ایک یہ ہے کہ) کنوارہ شادی شدہ ہو جائے گا‘‘۔

جہاں رشتہ کرنا چاہتے ہیں وہاں نہیں ہوتا

حل حضرت امام جعفرِ صادقؑ فرماتے ہیں کہ جو سورۂ طٰہٰ کو لکھ کر سبز ریشمی کپڑے میں لپیٹ کر اپنے پاس رکھے اور شادی کے قصد سے کسی کے پاس جائے تو اسے ناکام نہیں لوٹنا پڑے گا اور وہ شادی ہو کر رہے گی۔۔

نمازِ امیرالمومنین علی علیہ السلام ابنِ ابی طالب علیہ السلام

جوشادی کرنے کاارادہ کرے وہ دو رکعت نماز پڑھے۔ ہر رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد سورۂ یٰس پڑھے اوراس کے بعد خدا کی حمد وثناء بجالائے اور پھر اِس دعا کو پڑھے:

اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِي زَوْجَةً صَالِحَةً وَدُوداً وَلُوداً شَكُوراً قَنُوعاً غَيُوراً إِنْ أَحْسَنْتُ شَكَرَتْ وَإِنْ أَسَأْتُ غَفَرَتْ وَإِنْ ذَكَرْتُ اللّٰهَ تَعَالَى أَعَانَتْ وَإِنْ نَسِيتُ ذَكَّرَتْ وَإِنْ خَرَجْتُ مِنْ عِنْدِهَا حَفِظَتْ وَإِنْ دَخَلْتُ عَلَيْهَا سَرَّتْ وَإِنْ أَمَرْتُهَا أَطَاعَتْنِي وَإِنْ أَقْسَمْتُ عَلَيْهَا أَبَرَّتْ قَسَمِي وَإِنْ غَضِبْتُ عَلَيْهَا أَرْضَتْنِي يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ هَبْ لِي ذٰلِكَ فَإِنَّمَا أَسْأَلُكَ وَلَا أَجِدُ إِلَّا مَا قَسَمْتَ لِي

امیرالمومنین امام علیؑ فرماتے ہیں کہ اگراس دعا اور نماز کو پڑھے تو شادی کے سلسلے میں اسکی دعا پوری ہوجائے گی۔

(نوادرراوندی-ترجمہ صادقی اردستانی،ص 282-نماز ودعا برائے ازدواج)

MADRASA-TUL-QAAIM (A.S.)

مدرسۃ القائم

+923332136992

facebook.com/madrasatulqaaim

جلد شادی کیلئے مجرّب ترین عمل



آیت اللہ سیّد صادق روحانی فرماتے ہیں کہ
40 روز تک نمازِ جعفرِ طیارؑ ، نمازِ امیرالمومنینؑ پڑھنے کے بعد زیارتِ عاشورا پڑھی جائے
اور اِن 40 دنوں میں ہر شبِ جمعہ درمیانِ شب 14000 بار 'یا علیؑ' اِس طرح پڑھیں کہ
کوئی دوسرا اُس جگہ پر موجود نہ ہو۔ اور سات موسوی (کاظمی) سادات کو کچھ رقم ہدیہ کے طور پر دیں
(اگر وہ نہ مل سکیں تو سات دیگر سادات کرام کو بھی ہدیہ دیا جاسکتا ہے)
اِن تمام اعمال کو انجام دینے کے بعد سارا ثواب روحِ حضرت زینبؑ کو ہدیہ کردیں..
آیت اللہ صادق روحانی فرماتے ہیں کہ بہت جلد شادی کیلئے یہ عمل تجربہ شدہ ہے اور
بہت تیز رفتاری سے مدعا حاصل ہوجاتا ہے.. (نمازِ جعفرِ طیارؑ، نمازِ امیرالمومنینؑ کا طریقہ نیچے کمنٹس میں ملاحظہ کیجئے)

Reference : http://www.rohani.ir/page-1105.htm

www.facebook.com/madrasatulqaaim

گھر، گاڑی، شادی

آیت اللہ عبدالکریم کشمیریؒ بیان کرتے ہیں کہ
اگر سورۂ یٰسٓ کو پڑھ کر حضرت امام تقی جواد علیہ السلام کی خدمت
میں ہدیہ کردیں تو آیت اللہ کشمیریؒ فرماتے ہیں کہ میں
نے لوگوں کی تمام خواہشات کو پورا ہوتے دیکھا ہے
چاہے وہ خواہش گھر کی ہو، گاڑی کی یا شادی کی..

(بحوالۂ کتاب: روح و ریحان)

+923332136992

facebook.com/madrasatulqaaim